# پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے ایران کی جانب سے پاکستان کی فضائی حدود کی خلاف ورزی کی شدید الفاظ میں مذمت

17 جنوری 2024

- پاکستان کی سالمیّت، سلامتی اور دفاع کے تحفّظ میں ناکامی پر غیر آئینی، غیر قانونی، غیر نمائندہ، غیر منتخب اور زائد المیعاد حکومت سے فوری وضاحت کا مطالبہ
- بھارت اور افغانستان کے بعد ایران سے تعلقات میں سنگین بگاڑ نہایت تشویشناک اور ناکام ترین خارجہ و دفاعی پالیسی کا شاخسانہ ہے۔
- حملے کے حوالے سے ایران کے ہمنوا غیر ملکی عناصر بشمول حزب اللہ کے سربراہ حسن نصر اللہ کے دعوے شدید شبہات کو جنم دے رہے ہیں۔
- فروری 2019 میں ازلی دشمن بھارت نے پاکستان کی زمینی و فضائی حدود پامال کرنے کی کوشش کی تو عوام کے منتخب وزیرِ اعظم عمران خان نے بھرپور سیاسی قیادت فراہم کرتے ہوئے دشمن کو منہ توڑ جواب دیا۔
- زمامِ اقتدار عوام کی منتخب قیادت کے ہاتھ میں ہوتی تو کسی کو پاکستان کی سالمیّت اور خودمختاری کی جانب کسی کو میلی آنکھ اٹھانے کی جرات نہ ہوتی۔
- منتخب جمہوری حکومت کی عدم موجودگی میں داخلی عدم استحکام اور معیشت کے بعد پاکستان کی سالمیت، سلامتی، دفاع اور خودمختاری پر خطرات کے بادل ہر پاکستانی کیلئے نہایت تشویش کے باعث ہیں۔
- نگران کٹھ پتلی قوم کو حقائق سے آگاہ کرے اور بتائے کہ اس کی زائد المیعاد سرکار کے پاس پاکستان کو اس قسم کی بیرونی جارحیت سے محفوظ بنانے کی کیا حکمتِ عملی ہے۔

- ایران نے اپنے اس اقدام سے مسلم اُمّہ کو درکار ناگزیر اتحاد و یگانگت کے امکانات کو تباہ کرنے کی نہایت افسوسناک، غیر ذمہ دارانہ اور نہایت قابلِ مذمّت کوشش کی ہے۔
- ریاست پاکستان کی سالمیت، خودمختاری، سلامتی اور دفاع کو ناقابلِ تسخیر بنانے کیلئے دستور وانتخاب سے جبراً چھیڑ چھاڑ کرکے قوم میں تقسیم و نفاق کے بیج بونے کی بجائے حقیقی مینڈیٹ کی حامل حکومت کی راہ چھوڑے اور اسے قومی امنگوں کے مطابق فیصلہ سازی کا حق دے۔
- ایران کے بلااشتعال حملے کے متاثرین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہیں۔

---ترجمان پاکستان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ


Plot # 1-A, Street # 32, Sector G-8/4, Islamabad, Pakistan
Tel: +92 51 2610046, +92 51 26102047, Website: www.insaf.pk